18/03/2026

12.30 pm

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلٹن لیکر میں اعجازہ اختر

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندرمودی نے متحدہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد بن زائدالنہیان کے ساتھ ٹیلی فون پر بات کرکے مغربی ایشیاءکی موجودہ صورتحال پر ان کے ساتھ تبادلہ خیال کیا۔وزیرا عظم پر حملوں کی مذمت کے بھارت کے UAEنے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ انہوننے موقف کا اعادہ کیا۔انہوننے کہاکہ دونوں ملکوں نے خطے میںامن و امان کی بحالی کیلئے مل کر کام کرنے کا اعادہ کیا۔

کے صدر کو عیدالفطر کی پیشگی مبارکباد بھی دی۔UAE وزیر اعظم نے

ایل جی پولیس

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ کوئی بھی شخص یا گروہ جمونو کشمیر میں امن اور امن قانون کی صورتحال کےلئے یا معصوم شہریوں کی سلامتی کےلئے خطرہ بنے گا، کو بہت بڑی قیمت اُٹھا نا پڑے گی۔

میں کانسٹیبلوں کی پاسنگ آوٹ پریڈ Subsidary Traning Center ریاسی ضلع کے تلواڑہ میں سے خطاب کر تے ہوئے انہوننے کہا کہ اس طرح کے عناصر کے خلاف سختی سے نپٹا جائے گا۔

نے ان پر زور دیا ہے کہ وہ LG جمونو کشمیر پولیس کے بہادر جوانوں کو مبارکباد دیتے ہوئے جمونو کشمیر کے مفادات کو تحفظ دینے کی طرف توجہ دیں۔

تقریب پر ڈائریکٹر جنرل پولیس نلین پربھات اور کئی دیگر اعلیٰ افسران بھی موجود تھے۔

خراجCM

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے پارٹی کے مرحوم لیڈر اور وزیر تعلیم سکینہ ایتوکے والد مرحوم ولی محمد ایتو کو ان کی 32ویں برسی پر خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعلیٰ نے مرحوم لیڈر کو ایک دو ر اندیش سیاست دان قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ انہوںنے اپنی پوری زندگی سماج کی بہتری کیلئے وقف کی ۔انہوں نے کہا ہے کہ سرکار مرحوم لیڈر کے امن اور ترقی کے نظریے کو آگے لے جانے کیلئے کام کر رہی ہے۔

وقف بورڈ

جموں کشمیر وقف بورڈنے بانڈی پورہ ضلع کے سمبل علاقے میں وقف کی اراضی کو اشتہاریا ٹینڈر جاری کئے جانے کے بغیر خفیہ طور لیز پر دینے سے متعلق الزاما ت کو سختی سے مسترد کیا ہے ۔ بورڈ نے کہا ہےکہ اس بارے میں با ضابطہ طور اخبارات میں اشتہار شائع کئے گئے جن کی نقل بورڈ کے پاس موجود ہے ۔بورڈ نے مزید کہا ہے کہ اس ضمن میں مطلوبہ نوٹس کو بورڈ کی ویب سائٹ پر بھی اپ لوڈ کیا گیا تھا،تاکہ ٹینڈر بھرنے والوں کی زیادہ سے زیادہ شرکت کو یقینی بنایاجا سکے ۔ بورڈ نے کہا کہ اس ضمن میں جو طریقہ کاراختیار کیا گیا ، وہ حالیہ برسوں میں سب سے زیادہ شفاف اور آمدن بڑھانے والا ہے ۔

وقف بورڈ کے باغات سے وابستہ حکام کا کہنا ہے کہ سمبل منصوبہ ایک اہم ادارہ جاتی اصلاح ہے جس نے شفافیت ، مالیاتی احتیاط اور طویل مدتی اثاثہ جاتی بہتری کے علاوہ وقف املاک کے انتظام کیلئے ایک نیا معیار قائم کیا ہے ۔

اوقات نماز

آج رمضان المبارک کی28تاریخ ہے۔ عیدا لفطر 20مارچ جمعتہ المبارک یا 21مارچ سنیچر وار کو ہوگی جس کی تصدیق کل یعنی19مارچ کو شام کے بعد ماہ شوال کا چاند نظر آنے یا نہ آنے کی اطلاع موصول ہونے کے بعد ہوگی۔

اس دوران جموں کشمیر وقف بورڈ نے وقف کے زیر انتظا م بقہ جات، خانقاہوں اور مساجد میں عید نماز کیلئے اوقات کی فہرست جاری کی ہے۔ جس کے مطابق آثار شریف دگارہ حضرتبل میں نماز عید صبح ساڑھے دس بجے ادا کی جائے گی ۔ وقف بورڈ نے کہا ہے کہ آثار شریف میں20مارچ کو نماز جمعہ دوپہر اڑھائی بجے ادا ہوگی۔

بورڈ کی جانب سے جاری فہرست کے مطابق آثار شریف جناب صاحب صورہ اور زیارت مخدوم صاحب سرینگر میں نماز عید صبح 10بجے ادا کی جائے گی،اسی طرح زیارت حضرت پیر دستگیر صاحب خانیار سرینگر، زیارت حضرت میر سید یعقوب صاحب سونہ وار سرینگر ، آثار شریف کعبہ مرگ ، مرکزی عید گاہ جنگلات منڈی اننت نا گ اور مرکزی عید گاہ اونتی پورہ پلوامہ میں صبح ساڑھے9بجے، خانقاہ معلی سرینگر میں صبح 11بجے، آثار شریف شہری کلاشپورہ ، عالی مسجد عید گاہ سرینگر اور آثار شریف پیٹھ مکہامہ بیروہ میں صبح 9بجے ،

مسجد علمدار ِکشمیرچرار شریف میں صبح10بجے جبکہ مسجد شریف حضرت سید محمد جانباز ولی رفاعی بارہمولہ میں نماز عید صبح سوا9بجے اد ا کی جائے گی۔

اطلاع

عوامی شکایات پر مبنی آکاشوانی نیوز سرینگرکے ہفتہ وار پروگرام” شہر شہر منظر“کاکل یعنی19مارچ کا شمارہ صبح ساڑھے 9بجے کے بجائے رات 10بجے نشر کیاجائے گا۔

یہ تبدیلی ایک اہم نشریے کے پیش نظر فقط کل کے شمارے کیلئے ہوگی۔

DCاننت اننت ناگ

خواتین کے بین الاقوامی دن کے سلسلے میں جاری تقریبات کے تحت ٹاون ہال اننت ناگ میں ایک پروگرام منعقد ہوا ، جس کا اہتمام محکمہ زراعت نے کیا تھا ۔اس موقعے پرضلع کے ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے خواتین کو سماجی بدلاؤ کا محرک قرار دیتے ہوئے کہا کہ خواتین زرعی شعبے میں بھی غیر معمولی کار کردگی کا مظاہر ہ کر رہی ہیں۔ انہوننے زراعت سے وابستہ افراد سے تاکید کہ کہ وہ سرکار کی فلاحی اسکیموں کا بھر پور فائدہ اٹھائیں۔

اس دوران ڈی سی موصوف نے ایک میٹنگ میں ضلع میں لینڈ ریکارڈس کی Digitisation کے عمل کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خدا حافظ

****